اضافہ بھی کیا ہے۔ جو موصوف کے خلوص اور محنت کی علامت ہے۔

● نام کتاب: اسوۂ حسنہ..... **چند عملی پہلو**

قیمت: ۳۹۰ روپے ناشر: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز۔ ۴/۱۷ اے ناظم آباد نمبر ۴۔ کراچی

رسول کائنات، فخرِ موجودات محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کو خالق ارض وسما رب العلیٰ نے نسل انسانی کے لیے نمونہ کاملہ اور آپ کی سیرت کو اسوۂ حسنہ بنایا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ کو فطری طریقہ قرار دیا ہے۔ محسن انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم کے معمولات زندگی ہی قیامت تک کے لیے شعار و معیار ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر گوشہ تابناک اور ہر پہلو روشن ہے۔ یوم ولادت سے روزِ رحلت تک کے ہر ہر لمحہ کو قدرت نے لوگوں سے محفوظ کرا دیا ہے زیر تبصرہ کتاب ''اسوۂ حسنہ چند عملی پہلو'' بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ جس میں جناب سید عزیز الرحمان صاحب نے اپنے بارہ مطبوعہ مضامین جو کہ سیرت طیبہ پر مشتمل ہیں پیش کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ حیات انسانی کے مختلف گوشوں میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ کو قرآن وحدیث کی روشنی میں پیش کیا ہے۔ منفرد علمی و تحقیقی مواد پر مشتمل یہ کتاب اہل علم اور اہل ذوق کے لیے مستند اور باحوالہ ایک ایسا گلدستہ ہے جس کے ہر گل کی خوشبو اور رنگ تحریر سے مترشح ہے۔ اللہ تعالیٰ مرتب کی اس کاوش کو قبول فرمائیں۔

37 ویں سالانہ ختم نبوت کانفرنس، جامع مسجد احرار چناب نگر کی DVD's تیار ہوگئی ہیں

ملنے کا پتہ: صدائے احرار، دارِ بنی ہاشم، مہربان کالونی ملتان، فون: 0300-8020384

مسافرانِ آخرت

● جناب عبدالکریم قمر (رکن مرکزی مجلس شوریٰ مجلس احرار اسلام) کے چچا زاد اور ماسٹر احمد یار مرحوم کے چھوٹے بھائی محمد جہانگیر 25؍دسمبر 2014ء کو کمالیہ میں انتقال کر گئے

● مجلس احرار اسلام کمالیہ کے صدر جناب شیخ لیاقت علی کے دو بھانجے، عتیق الرحمن اور سعد اللہ 18؍دسمبر 2014ء اور یکم جنوری 2015ء کو یکے بعد دیگرے انتقال کر گئے

● جام غلام یسین مرحوم، مجلس احرار اسلام ماہڑہ مظفر گڑھ کے امیر ماسٹر محمد شفیع اور بخاری اکیڈمی کے انچارج جام ریاض احمد کے بہنوئی 6 جنوری 2014 بروز منگل کو انتقال کر گئے

● ملتان میں ہمارے کرم فرما جناب ڈاکٹر عبدالرب نیاز کی والدہ ماجدہ 24؍جنوری 2015ء کو انتقال کر گئیں

قارئین سے درخواست ہے کہ مرحومین کے لیے ایصال ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائیں اور لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمائے (آمین)